This Question Paper contains 08 printed pages.

**(Sections - A, B, C & D)**

Sl.No. 1679

# 21(U)

**(MAY, 2021)**

***Maximum Marks : 80]*** ***[Time : 3 Hours***

**ہدایات :**

1) واضح صاف لکھاوٹ میں لکھیں۔

2) اس سوالیہ پیپر میں چار سیکشن A, B, C & D اورسوالیہ نمبرس 1 سے 55 تک ہیں۔

3) تمام سوالات لازمی ہیں۔صرف داخلی اختیارات ہیں۔

4) بائیں جانب سوالات کے نشانات دئے گئے ہیں۔

5) جہاں بھی ضروری ہوصاف خاکہ اُتاریئے۔

6) نئے صفحہ پر نئے سیکشن لکھئے۔جواب عددی ترتیب میں لکھئے۔

## SECTION-A حصہ۔نثر

(الف) ذیل میں دی گئی جوڑیاں درست کر کے دوبارہ لکھیئے۔ **[3]**

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| 1) | ہرفن مولا | (A) | مقتصر حسین تاڑر |
| 2) | پانچ روپے | (B) | کنہیالال کپور |
| 3) | سلمان فارسی کی خندق | (C) | کوثر چاندپوری |
| | | (D) | رتن سنگھ |

(ب)(1) ذیل کی خالی جگہ قوسین میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ [2]

4) چاند بی بی____ کی سلطانہ تھی

(احمد نگر ، گاندھی نگر ، گنگا نگر)

5) زبیدہ____ ڈرامے کا کردار ہے۔

(مولی جی ، قاضی جی ، مفتی جی)

(پ)(2) ذیل میں دیئے گئے جملے صحیح ہیں یا غلط وہ لکھئے؟ [2]

6) رتن سنگھ بہت بڑے شاعر تھے۔

7) گنگولی نے منظر کو دس روپے دیے۔

(ج) ذیل میں دیئے گئے سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔ (کوئی تین) [3]

8) سائنس سٹی کہاں واقع ہے؟

9) راجا بکرمادت کا راستہ کس نے روکا؟

10) طالبِ علموں کو سفر پر کون لے گیا؟

11) جہاں جابر بن عبداللہ کا گھر تھا وہاں اب کیا ہے؟

(د) ذیل کے سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھئیے (کوئی دو) [4]

12) دوسرے شاگرد کو بڑھیا بیلن لے کر کیوں مارنے لگی؟

13) قاضی جی نے گھر کو جیل خانہ کیوں کہا ہے؟

14) جابر بن عبداللہ کی بیوی کو کس بات کا ڈر تھا؟

(ڈ) ذیل میں دیئے گئے سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھئے۔(کوئی دو) [6]

15) وہ تو ایک سانحہ تھا۔آخر زندگی میں سانحے بھی ہوتے ہیں؟

16) وقت کی اہمیت کے متعلق تفصیل سے لکھئے۔

17) راجا بکر مادت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟لکھیئے۔

## SECTION-B حصہ۔نظم

(الف) ذیل میں دی گئی جوڑیاں کو درست کر کے دوبارہ لکھئے۔ [3]

| (الف) | | (ب) |
|---|---|---|
| 18) نوجوان سے | - | (A) نادم بلخی |
| 19) جلوۂ سحر | - | (B) مجاز |
| 20) نعتیہ سانیٹ | - | (C) حفیظ جالندھری |
| | | (D) چکبست |

(ب)(1) ذیل کی خالی جگہ کو قوسین میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے پُر کیجیے۔ [2]

21) لڑکیوں کو قدرت نے بخشا ہے ______ کا زیور

(وفا ' حیا 'ادا)

22) تیرا ______ امانت ہے ساری دُنیا کی

(بچپن 'شباب ' بڑھاپا)

(پ)(2) ذیل میں دیئے گئے جملے صیح ہے یہ غلط وہ بتایئے۔ [2]

23) مرثیہ خوشی کے موقع پر لکھا جاتا ہے۔

24) غزل کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں۔

(ج) ذیل میں دیۓ گئے سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے (کوئی تین) [3]

25) نوجوان کی چال میں کیا راز چھپا ہے؟

26) شاعر منزل پر کس طرح پہنچنا چاہتا ہے؟

27) ظلمت شکن سے کیا مراد ہے؟

28) بچپن سے ہی امام حسینؓ کو کس بات کی آرزو تھی؟

(د) ذیل میں دیۓ گئے سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھئے۔ (کوئی دو) [4]

29) شاعر نوجوان کو کس طرح آگے بڑھنے کو لئے کہتا ہے؟

30) صبح ہوتے ہی زمین اور آسمان پر کیا تبدیلیاں ہوئیں؟

31) حضرت امام حسینؓ کی بے بسی کا کیا عالم تھا؟

(ڈ) ذیل میں دیۓ گئے سوالوں کے تفصیل سے جواب لکھئے (کوئی دو) [6]

32) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم المرسلین کیوں کہا گیا؟

33) شاعر قوم کی لڑکیوں کو مردوں کی روش اختیار کرنے سے کیوں روک رہا ہے؟

34) نظم 'جلوۂ سحر' کا خلاصہ لکھئے۔

## SECTION-C قواعد

35) ذیل میں دیۓ گئے الفاظ کے ہم معنی الفاظ لکھیے۔ [1]

اُستاد ' احمق

36) ذیل میں دئے گئے الفاظ کی ضدیں لکھیئے۔ [1]

رحمت ، خوبصورت

37) ذیل میں دئے گئے الفاظ کی واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔ [1]

دولت ، ارواح

38) ذیل میں دئے گئے محاورے کا معنی لکھئے۔ [1]

شامت آنا

39) ذیل میں سے صحیح تلفظ والا الفاظ لکھئے۔ [1]

معلوم / مالوم

اجیب / عجیب

40) ذیل میں دئے گئے سابقے اور لاحقے کی مدد سے ایک ایک لفظ لکھئے۔ [1]

مند ، بے

41) ذیل میں دئے گئے شعر کی صنعت پہچان کر لکھئے۔ [1]

مرنے کی دُعائیں کیوں مانگوں جینے کی تمنا کون کرے یہ دُنیا ہو یا

وہ دُنیا اب خواہش دُنیا کون کرے

42) دئے گئے الفاظ لغت کی ترتیب میں لکھئے۔ [1]

منزل ، آواز ، خلش ، دریش

43) مجموعۂ الفاظ کے لئے ایک لفظ لکھئے [1]

وہ لڑکی جو بول نہ سکتی ہو۔

44) ذیل میں دئے گئے ہندی الفاظ کے اُردو میں معنی لکھئے۔ [1]

دھرتی ، نمسکار

45) ذیل میں سے مرکب الفاظ تلاش کر کے لکھئے۔ [1]

عید ، تعلیم ، خوشگوار

46) ذیل میں دئے گئے الفاظ کی اِسم کیفت لکھئے۔ [1]

انسان ، گرفتار

47) ذیل میں دئے گئے مرکب الفاظ کی ترکیب سمجھایئے۔ [1]

باغبان

48) ذیل کے جملے میں فاعل پہچانیے۔ [1]

جادوگر اپنا جادو کرتا رہا۔

49) ذیل میں دیئے گئے جملے کی صِفت پہچانیے۔ [1]

درخت پر کالا کوّا بیٹھا تھا

50) ذیل میں دیئے گئے جملے میں مصدر پہچانیے [1]

بچوں نے میدان میں کھیلنا شروع کیا

## SECTION- D

51) ذیل میں دیئے گئے اقتباس کا 1/3 اختصار کیجیے۔ [4]

ہمارے شہر جیسے جیسے ترقی کرتے جارہے ہیں ویسے ویسے آلودگی کا مسلئہ بڑھتا جارہا ہے۔ آلودگی نے نہ صرف ہماری فضا کو اپنی زد میں لے لیا ہے بلکہ ہماری صحت بھی اس سے متاثر ہوئی ہے۔ آج ایسی بیماریاں وجود میں آرہی ہیں جس کے نام سے بھی ہم واقف نہ تھے۔

مختلف بیماریوں سے متاثر ہونے والوں میں اکثریت ذہنی مریضوں کی ہے اس کے علاوہ اس آلودگی نے انسان کے دل ومعدے پر بھی اپنا اثر دِکھاتا ہے۔ اگر ہم اس کے مضر اثرات سے بچنا چاہتے ہیں تو ہمیں آلودگی کی وجوہات جان کر اُسے روکنا ہوگا۔

52) ذیل میں دیئے گئے خاکہ کی مدد سے کہانی لکھئے اور مناسب عنوان دیجیے۔ [4]

ایک بادشاہ نئی نئی چیزیں جمع کرنے کا شوق۔ بیرون ملک سے کانچ کے دس گلدان منگوانا۔ صفائی کے وقت نوکر کے ہاتھ سے ایک گلدان کا ٹوٹ جانا۔ نوکر کو موت کی سزا ملنا۔ وزیر کا گلدان کا دوسرے گلدان کی طرح بنانے کا واعدہ۔ سبھی گلدان کا توڑ دینا۔ بادشاہ کو جواب دینا'' میں نے دوسرے لوگوں کی جان بچالی۔ بادشاہ کا وزیر کی بات سمجھ جانا۔

(53) آپ کے اسکول میں منائے گئے 'یوم اساتذہ' 100 لفظوں پر مشتمل احوال لکھیے۔ [4]

(54) ذیل میں دیے گئے شعر کی تشریح لکھیے (کوئی ایک) [4]

میرے ہزار دل ہوں تصدق حضورؐ پر
میر ہزار جان ہو قربان مصطفیؐ

یا

اے دل کی خلش چل یوہی سہی چلتا تو ہوں ان کی محفل میں اس وقت مجھے چونکا دینا جب رنگ پہ محفل آ جائے۔

(55) مندرجۂ ذیل کسی ایک عنوان پر تقریباً 250 لفظوں پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔ [8]

(1) نئی بین الاقوامی وباء 'کورونا'۔

نکات: مختلف امراض سے واقفیت۔ وباء کے متعلق صرف کتابوں میں ہی کیا ہوا مطالعہ۔ مگر دورِ حاضر میں کورونا کی آنکھوں دیکھی صورتِ حال۔ اپنے عزیز و اقارب اور رشتہ داروں کو اس مرض میں مبتلہ پا کر دُنیا کو خیر آباد کرتے پایا۔ لوگوں کا خوف زدہ ہونا۔ سماجی معاشی اور سیاسی و تعلیمی صورتِ حال۔ نتائج ہمارے سامنے

(2) میرا یادگار سفر:

نکات: اسکول سے ٹور کا اعلان۔ تاریخی مقامات کی ملاقات۔ سفر کی تیاری۔ ایک ہفتے کی ٹور۔ راستے میں کچھ پریشانی۔ منزل پر پہنچ کر ساری تھکان دور۔ زندگی کا یادگار سفر۔

(3) موجودہ دور میں رمضان کی چہل پہل:

نکات: چاند دیکھنے کے لئے لوگوں کا ہجوم۔ ایک دوسرے کو مبارکباد دینا۔ بازاروں میں بھیڑ اور چہل پہل۔ تراویح کی تیاری۔ سحری کا انتظام۔ پورے دن افطار کی تیاریاں۔ طرح طرح کے پکوان۔ افطار کے وقت کا انتظار۔

✓ ✓ ✓ ✓